
# THE INTELLECT BULLETIN

MONTHLY | DECEMBER 2014 | SAFAR 1436 A.H | FAHMEDEEN.ORG





## News & Views

# Catholic Priest Wakes Up From Coma After 17 Months, Converts To Islam

**A catholic priest from the island of Java, Indonesia wakes up from a 17 month long coma and converts to Islam after the claims that Allah ﷻ spoke to him.**

A catholic priest from the island of Java in Indonesia who has woken up from a 17 month long coma has converted himself to Islam after the man claims Allah spoke to him and showed him "the beauty of the heavens".

The 87-year old priest from Spain has lived and preached on the island of Jakarta for more than 43 years and is fluent in Javanese and various dialects of the different ethnic groups of the island and is a well known and respected figure amongst all religious groups of the area.

The man who has suffered a cardiac arrest while helping local volunteers to fix the roof of his own church and fell an incredible two stories high has managed to survive and come out of his coma, in brittle shape, yet a changed man


*"I know nothing of Islam.*




*Never once have I read the Quran but God spoke to me and asked me to follow him to the heavens and the Holy light shone through my entire being and behold the golden gates of heaven appeared before me and God told me his name and it was Allah" told the newly convert to a journalist of the Kalimantan Press.*

The man who miraculously suffers no spinal injury should be able to walk soon, admits the physician who took care of him at South Jakarta's Metropolitan Medical Centre. "This must be the strongest 80-year old I have ever seen. His bones should be smashed to pieces" ponders Jim Won May, who has practiced medicine for over twenty years.

His conversion to Islam took most of his church followers by surprise, but interestingly enough, already half of his Christian followers have showed interest in converting to Islam. *Page 2*



# It's Official: Mormon Founder Had Up to 40 Wives

**Mormon leaders have acknowledged for the first time that the church's founder**



**and prophet, Joseph Smith, portrayed in church materials as a loyal partner to his loving spouse Emma, took as many as 40 wives, some already married and one only 14 years old.**

The church's disclosures, in a series of essays online, are part of an effort to be transparent about its history at a time when church members are increasingly encountering disturbing claims about the faith on the Internet. Many Mormons, especially those with polygamous ancestors, say they were well aware that Smith's successor, Brigham Young, practiced polygamy when he led the flock in Salt Lake City. But they did not know the full truth about Smith.

"Joseph Smith was presented to me as a practically perfect prophet, and this is true for a lot of people," said Emily Jensen, a blogger and editor in Farmington, Utah, who often writes about Mormon issues.


She said the reaction of some Mormons to the church's disclosures resembled the five stages of grief in which the first stage is denial, and the second is anger. Members are saying on blogs and social media, "This is not the church I grew up with, this is not the Joseph Smith I love," Ms. Jensen said.

# Letter of a Revert Muslim (Part-2)

**Theresa Corbin is a writer living in New Orleans. She is the founder of Islamwich and a contributor to On Islam and Aquila Style.**

### The scarf

These days, I am a proud wearer of hijab. You can call it a scarf. My scarf does not tie my hands behind my back, and it is not a tool of oppression. It doesn't prevent thoughts from entering my head and leaving my mouth. But I didn't always know this. Studying Islam didn't




immediately dispel all my cultural misconceptions. I had been raised on imagery of women in the East being treated like chattel by men who forced them to cover their bodies out of shame or a sense of ownership.

But when I asked a Muslim woman "Why do you wear that?", her answer was obvious and appealing: "To please Allah ﷻ. To be recognized as a woman who is to be respected and not harassed. So that I can protect myself from the male gaze."

She explained how dressing modestly is a symbol to the world that a woman's body is not meant for mass consumption or critique.

I still wasn't convinced and replied, "Yeah, but women are like second class citizens in your faith?"

The very patient Muslim lady explained that, during a time when the Western world treated women like property, Islam taught that men and women were equal in the eyes of God. Islam made the woman's consent to marriage mandatory and gave women the opportunity to inherit, own property, run businesses and participate in government.

She listed right after right that women in Islam held nearly 1,250 years before women's lib was ever thought of in the West. Surprisingly, Islam turned out to be the religion that appealed to my feminist ideals.

### Getting married

It might shock you to know that I had an arranged marriage. That doesn't mean I was forced to marry my father's first choice suitor, like Jasmine from "Aladdin." Dad didn't even have a say.

When I converted, it wasn't a good time to be a Muslim. Feeling isolated, alienated and rejected by my own society pushed me to want to start a family of my own. Even before converting, I had always wanted a serious relationship but found few men looking for the same.

As a new Muslim, I knew there was a better way to look for love and a lifelong partnership. I decided that if I wanted a serious relationship, it was time to get serious about finding one. I wanted an arranged marriage.

I made a list of "30 Rock"-style deal breakers. I searched. I interviewed. I interrogated friends and families of prospects.

*Page 2*






## Facts, Events & Beliefs

# The Month of Safar



Safar-al-Muzaffar, the second month of the Islamic Calendar literally means empty.

During this month the houses used to be empty and deserted because the ban on going to war in the month of Muharram came to an end, thus everyone would proceed towards the battlefield.

Many people have improper beliefs regarding this month, that is, it is a month of misfortune and calamities. The teachings of Allah ﷻ and His most beloved Prophet ﷺ give us clear guidelines on such incorrect beliefs.

Allah ﷻ says in the Holy Quran:

'No calamity befalls (one), but with the leave of Allah. And whoever believes in Allah, He guides his heart. Allah is All-Knowing about everything.' (Quran -64:11)

These beliefs have also been condemned in several Ahadith:

*'There is no superstitious owl, bird, no star promising rain, no bad omen in the month of Safar.'* (Sahih Bukhari)

*'There is no bad omen in the month of Safar and Ghouls (evil spirits).* (Sahih Muslim)

*'The descending of illness and evil superstitions befalling in the month of Safar is untrue.'*(Sahih Muslim)

These incorrect beliefs flow from the pre-Islamic period of Ignorance. With the advent of Islam and the teachings of our beloved Prophet ﷺ, all evil and incorrect beliefs common in pre-Islamic times were discarded.

Unfortunately today too, there are some Muslims who hold incorrect beliefs regarding the month of Safar, such as:

- A nikkah performed in this month would not be successful.
- This month is full of misfortune and calamities.
- To commence any important task during this month will bring it bad luck.
- The 1st till the 13th of Safar are days of ill fortune and evil, etc.

As true Muslims we should give up all incorrect beliefs regarding the month of Safar. We must understand and believe that all good or bad befalls us on the command of Allah ﷻ only.

May Allah ﷻ increase our understanding of our Deen and keep us on the right path. Ameen.






## Bait-us-Salam Updates

# Rozah-tus-Salam: First Major Event for the Parents

Since its inception very recently, Rozah-tus-Salam has been getting very favorable reviews from the parents whose children are enrolled there.

In November they organized an event in which their students performed for the first time. It was enjoyed by all participants.



# دی انٹیلیکٹ بلیٹن

ماہنامہ | دسمبر 2014 | صفر المظفر 1435 | FAHMEDEEN.ORG







## یورپی ملک آسٹریا میں اسلام پر پابندی لگانے کی منصوبہ بندی، انتہائی دائیں بازو کی سیکولر جماعت فریڈم پارٹی آسٹریا کی 'اسلامائزیشن' رکوانے میں پیش پیش

### حکومت قانونی ترمیم کے ذریعے کسی بھی اسلامی تنظیم، مساجد اور اماموں کو بیرونِ ملک سے ملنے والی امداد روکنا چاہتی ہے۔ یہ تجاویز غلط ہیں: اسلامک کمیونٹی، یہ پابندی ضروری ہے: وزیرِ خارجہ

'دوسرے مذہبی گروہ اور چرچ بھی بیرونی امداد لیتے ہیں، خاص طور پر قدامت پسند روسی چرچ کو ماسکو سے فنڈ ملتا ہے، ایک مذہب کو اجازت دینا اور دوسرے کو نہ دینا حکومت کی جانب سے زیادتی ہوگی۔' پروفیسر سٹیفن ہیمر یونیورسٹی آف ویانا




آسٹریا (مانیٹرنگ ڈیسک) یورپی ملک آسٹریا میں اسلام کے بارے میں ایک صدی پرانے قانون میں حکومت کی طرف سے تبدیلی کے منصوبے پر بحث چھڑ گئی ہے۔ آسٹریا میں اسلام کو 1912ء میں سرکاری طور پر ایک مذہب کی حیثیت سے تسلیم کیا گیا تھا جس میں قانون کے تحت کیتھولک عیسائیوں، یہودیوں اور پروٹسٹنٹ عیسائیوں کی طرح مسلمانوں کو بھی کئی حقوق کی ضمانت دی گئی تھی، جن میں سرکاری اسکولوں میں بچوں کی مذہبی تعلیم میں شامل تھی اور اب سو سال گزرنے کے بعد حکومت اس میں تبدیلی کرنا چاہتی ہے اور قانونی ترمیم کے ذریعے کسی بھی تنظیم کو بیرونِ ملک سے ملنے والی امداد پر پابندی لگانا چاہتی ہے۔ آسٹریا کی سرکاری اسلامی تنظیم اسلامک کمیونٹی کا کہنا ہے کہ قانون میں مجوّزہ ترمیم سے ظاہر ہوتا ہے کہ مسلمانوں پر بھروسہ نہیں کیا جاتا اور انہیں برابر کا شہری نہیں سمجھا جاتا۔ اسلامک کمیونٹی سے منسلک کارلا امینہ بغاجاتی کا کہنا ہے کہ آسٹریا کا پرانا قانون براعظم یورپ میں ایک قسم کا ماڈل یا نمونہ ہے اور اس قانون میں مسلمانوں کو معاشرے کا حصہ بننے میں مدد کی ہے۔ اُن کے بقول مذہب کو سرکاری سطح پر تسلیم کرنے سے مسلمان یہ سمجھتے ہیں کہ انہیں ملک میں قبولیت حاصل ہے۔ یونیورسٹی آف ویانا کے پروفیسر سٹیفن ہیمر کہتے ہیں کہ اگرچہ یہ حکومت کا قانونی حق ہے کہ وہ دیگر ممالک سے آنے والے عطیات کے غلط استعمال کو روکنے کی کوشش کرے، لیکن اسلامک کمیونٹی کی ہر قسم کی مالی امداد پر پابندی لگانے سے کئی آئینی مسائل کھڑے ہو جائیں گے۔ 'دوسرے مذہبی گروہوں اور چرچوں کو بھی باہر سے مدد ملتی ہے، خاص طور پر قدامت پسند روسی چرچ کو ماسکو سے پیسے ملتے ہیں، لہٰذا ایک مذہب کو اجازت دینا اور دوسرے کو نہ دینا حکومت کی جانب سے زیادتی ہوگی۔'




## بچوں کے لیے تھری ڈی کا استعمال نقصان دہ، جو دیکھنے کے نظام کی نشوونما کو متاثر کرسکتا ہے

### بچوں کو تھری ڈی کی اشیا استعمال کرنے کی اجازت بالکل نہیں ہونی چاہیے: محکمہ صحت فرانس




فرانس (مانیٹرنگ ڈیسک) فرانس کے محکمہ صحت نے کہا ہے کہ کم عمر بچوں کو تھری ڈی اشیا کے استعمال کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔ ادارے کی جانب سے یہ ہدایت ساکت عکس بنانے والی آنکھوں پر تھری ڈی کے ممکنہ اثرات کی تحقیق کے بعد جاری کی گئی ہے۔ بعض دیگر ممالک نے بھی حال ہی میں تھری ڈی کے استعمال کے بارے میں ہدایات جاری کی ہیں۔ ادارے کے مطابق تھری ڈی یا سہ جہتی اثرات کو سمجھنے کے لیے پہلے آنکھیں کسی بھی عکس کو ایک ہی وقت میں دو مختلف جگہوں پر دیکھتی ہیں جس کے بعد دماغ اس عکس کو ایک تصویر کی شکل میں دکھاتا ہے۔ ادارے نے ایک بیان میں کہا: 'بچوں میں بالخصوص چھ برس سے کم کی عمر میں عکس کو دیکھنے کی اس کشمکش کے سنگین نتائج ہو سکتے ہیں جو دیکھنے کے نظام کی نشو و نما متاثر کر سکتا ہے۔' یہ پہلی مرتبہ نہیں ہے کہ تھری ڈی کے محفوظ ہونے پر سوال اٹھایا گیا ہو۔ یہ نظام آج کل کئی فیچر فلموں اور ویڈیو گیمز کے لیے ٹیلی وژن اور کمپیوٹر سکرینز میں استعمال ہوتا ہے۔ اٹلی نے بھی اپنے قومی صحت کے ادارے کی جانب سے انتباہ جاری کرنے کے بعد بچوں میں تھری ڈی چشموں کے استعمال کو روکنے کی کوشش کی تھی۔ جب نینٹینڈو نے سنہ ۲۰۱۰ میں اپنی تھری ڈی ویڈیو ریلیز کی تھی تو خبردار کیا تھا کہ اس پر گیمز کھیلنا چھ برس سے کم عمر کے بچوں کی نظر خراب کر سکتا ہے۔

## دنیا ایک نئی سرد جنگ کے دہانے پر اور اس کے ذمہ دار مغربی ممالک بالخصوص امریکا ہے: گورباچوف

### یورپ دنیا میں تبدیلی کا رہنما بننے کے بجائے سیاسی بدامنی کا اکھاڑہ بن چکا ہے۔ گورباچوف کی مغرب اور امریکا پر کھلی تنقید

جرمنی (مانیٹرنگ ڈیسک) سوویت یونین کے سابق رہنما میخائل گورباچوف نے کہا کہ دنیا ایک نئی سرد جنگ کے دہانے پر ہے اور اس کی ذمہ داری مغربی ممالک بالخصوص امریکا پر عائد ہوتی ہے جنہوں نے سوویت یونین کے خاتمے پر فاتحانہ انداز اپنا لیا تھا۔

تراسی سالہ میخائل گورباچوف نے جرمنی کو دو ممالک میں تقسیم کرنے والی دیوارِ برلن کے گرنے کی سلور جوبلی کی تقریب میں اپنے اِن خیالات کا اظہار کیا، اُن کے لہجے میں واضح ناراضی تھی، انہوں نے امریکا اور مغرب پر کھلے الفاظ میں تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ یورپ دنیا میں تبدیلی کا رہنما بننے کے بجائے سیاسی بدامنی کا اکھاڑہ بن چکا ہے۔ میخائل گورباچوف نے کہا کہ ۱۹۸۹ میں سوویت یونین کے خاتمے پر مغربی ممالک نے روسی کمزوری کا فائدہ اٹھاتے ہوئے دنیا پر اپنا غلبہ قائم کیا اور دوسرے ممالک کے مشوروں کو سننا بھی گورا نہیں کیا۔ سوویت یونین کے سابق رہنما نے یورپ اور روس کے مابین کشیدگی کو ایک خراب زخم سے تشبیہ دی۔ انھوں نے کہا: 'ایک آبلہ ہے جو اب پھوڑا بن چکا ہے اور اس سے سب سے زیادہ تکلیف کس کو ہو رہی ہے۔ جواب واضح ہے: یورپ۔'



## 2 صدیوں بعد یورپ اسلام کے زیرنگیں ہو گا، دی جرنل

### امریکا میں ہر 50واں شخص مسلمان ہو رہا ہے، 29 فیصد نوجوان مائل بااسلام ہیں

امریکا اور یورپ میں ہر سال لاکھوں لوگ مسلمان ہونے لگے، امریکا میں اب ہر 50 واں شخص مسلمان ہو رہا ہے اٹلی کے معروف میگزین دی جرنل نے انکشاف کیا ہے کہ 2 صدی بعد تمام یورپ اسلام کے زیر نگیں ہو گا امریکا میں اب ہر پچاس واں شخص مسلمان ہو رہا ہے نوجوانوں کی 29 فیصد تعداد سکون کے لئے اسلام کی جانب آرہی ہے، حکومتی اداروں اور ذرائع ابلاغ کی جانب سے مسلمانوں کے خلاف منفی پروپیگنڈے نے نوجوانوں کو اسلام کی جانب مائل کیا ہے ایک رپورٹ کے مطابق مسلمانوں کی آبادی 20 لاکھ تک پہنچ چکی ہے۔

## بیت السلام قرآنی مراکز کی اپنی منزل کے دوسرے مرحلے میں پہلی شاندار کامیابی، 313 قرآنی مراکز میں زیرِ تعلیم بچوں میں سے پہلے بچے کا حفظِ قرآن مکمل

### پہلے مرحلے میں دین سے ناواقف بچے تجوید کے ساتھ ناظرہ قرآن پڑھنے والے بن گئے، پہلے مرحلے میں بھرپور کامیابی کے بعد تقریباً دو سال پہلے مختلف مراکز میں حفظ کا آغاز ہوا

### بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ کے تحت چلنے والے قرآنی مراکز کے اس بابرکت اور پُر مسرت سفر کا اگلا مرحلہ انہی بچوں میں سے قابل طلبہ کا چناؤ کر کے انہیں دین کا محافظ اور ملک و ملت کا خادم بنانا ہے

بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ اسلام کی سربلندی اور ملک و ملت کی خدمت کرنے کی ایک عالم گیر فکر کا نام ہے۔ آج سے پانچ سال پہلے ٹرسٹ کے ذمہ داران کو جب یہ فکر لاحق ہوئی کہ پاکستان کے دیہی علاقوں میں رہائش پذیر اہلِ اسلام اور اہلِ پاکستان کو جہالت کی اندھیریوں اور پس ماندگی کی پستیوں سے نکال کر نورِ قرآنی اور تعلیمِ اسلامی سے رُوشناس کرایا جائے تو اس مقدس کام کی ابتدا کے لیے نظرِ انتخاب سندھ کے ایک پس ماندہ علاقے سندھ پر پڑی، یہاں پر کچھ قرآنی مراکز قائم کر کے ناظرہ قرآن کی تعلیم شروع کی گئی، وہ لوگ جو قرآن کو صرف چومنے کے لیے اور نوبیاہتی دلہنوں کے سر پر سایہ فگن کرنے کے لیے سمجھتے تھے، وہ اسے کھول کر پڑھنے والی کتاب سمجھنے لگے۔ جو پہلے اسے تعویذوں میں ٹانکنے اور عروسی غلافوں میں لپیٹ کر طاقوں میں سجانے کے لیے سمجھتے تھے، وہ اسے عمل میں لائی جانے والی کتاب سمجھنے لگے۔ جوں جوں قرآنِ مجید زبانوں سے جاری ہو کر دِلوں میں گھر کرنے لگا، جہالت کی اندھیریاں چھٹنے لگیں، گھروں کی زندگیاں بدلنے لگیں، منزل کے قرب نے تھکاوٹ کا احساس مٹا دیا، ورنہ بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ نے یہ پانچ سال کا سفر لوگوں کی خیر خواہی کے لیے ایک مستقل کڑھن اور اس سلسلے میں اَن تھک محنت میں گزارا ہے۔ اسی کڑھن اور محنت کا نتیجہ ہی تھا کہ دیکھتے ہی دیکھتے یہ قرآنی مراکز پہلے مرحلے میں سانگھڑ سے پورے سندھ میں اور پھر پاکستان کے چہار اطراف میں اس کی شاخیں یوں لہلہانے لگیں جیسے کسی بنجر زمین کا رابطہ کسی بڑی نہر سے جوڑنے کے لیے اس میں چھوٹے چھوٹے نالوں کا جال بچھا دیا جاتا ہے۔ اِن قرآنی مراکز کے ذریعے خشک اور بجھے دِلوں میں اسلامی زندگی کی ترنگ پھر سے جاگنے لگی، پھر وہ وقت آیا کہ الف، ب، ت سے ناواقف بچے پورا قرآن مجید دیکھ کر روانی سے پڑھنے لگے، اور کچھ قرآنی مراکز میں حفظِ قرآن کی تعلیم شروع کر دی گئی، اور آج جب کہ بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ زندگی کے ہر شعبے میں رفاہی خدمات سر انجام دے رہا ہے، لیکن اُن سب کاموں کے باوجود بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ کے لیے آج وہ تاریخی گھڑی اور خوشی کا سماں ہے، جب بیت السلام کے ۳۱۳ قرآنی مراکز میں زیرِ تعلیم بچوں میں سے پہلے بچے نے حفظِ قرآنِ کریم مکمل کر لیا ہے، اور خوشی کیوں نہ ہو کہ یہ بچہ صرف ایک بچہ نہیں ہے، بل کہ اس کی شکل میں انشاء اللہ! کسی دیہات کو درست تلفظ کے ساتھ نماز پڑھانے والا امام مِل گیا ہے، اور خوشی کیوں نہ ہو کہ اس کی شکل میں روانی اور خوش الحانی کے ساتھ تراویح میں قرآن سنانے والا مِل گیا ہے اور انشاء اللہ وہ دِن دور نہیں، جب بیت السلام قرآنی مراکز میں پڑھنے والا ہر بچہ اپنے سینے میں قرآنِ مجید کی اس دولت کو سموئے ہوئے ہوگا۔ لیکن اس کے ساتھ یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ مومن کی زندگی میں ٹھہراؤ نہیں ہے، وہ مرتے دم تک رب کی رضا اور اسلام کی سربلندی کے لیے معراج کی سیڑھیاں چڑھتا رہتا ہے، اس لیے یہ ایک لمحاتی خوشی ہے، یہ بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ، اس میں کام کرنے والے افراد، اس کے ساتھ تعاون کرنے والے حضرات اور اسے اپنی شبانہ روز دعاؤں میں یاد رکھنے والے لوگوں کے لیے رب کے حضور شکر گزاری کا موقع ہے، حفظِ قرآنِ کریم بیت السلام کی بلند نگاہی کے لیے ایک اہم سنگِ میل کی حیثیت ضرور رکھتا ہے، لیکن اصل منزل نہیں ہے، بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ کے تحت چلنے والے قرآنی مراکز کے اس بابرکت اور پُر مسرت سفر کا اگلا مرحلہ انہی بچوں میں سے قابل اور ذی استعداد طلبہ کا چناؤ کر کے انہیں دین کی اعلیٰ تعلیم دِلانا ہے، تاکہ وہ دین کے اچھے محافظ اور ملک و ملت کے مثالی خادم بنیں۔ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ بیت السلام ویلفیر ٹرسٹ کو اس مرحلے میں بھی سرخ رُو فرمائے۔ آمین!




## سالانہ مسابقہ حفظ و قرات 2014 کے پانچوں مقابلوں کا پہلا انعام جامعہ بیت السلام کے پاس

### وفاقی وزارت مذہبی امور پاکستان کی طرف سے ڈی سی آفس کورنگی میں اس مسابقہ حفظ و قرات کا انعقاد

### پانچ قسم کے اِن مقابلوں میں جامعہ بیت السلام کے پانچ طلبہ نے شرکت کی اور سب کی پہلی پوزیشن



کراچی (نمائندہ خصوصی دی انٹیلیکٹ بلیٹن) وفاقی وزارت مذہبی امور پاکستان کی طرف سے ڈی سی آفس کراچی میں ڈسٹرکٹ سطح پر سالانہ مسابقہ حفظ و قرات ۲۰۱۴ء کا انعقاد ہوا، اس مسابقے کی صدارت ڈپٹی کمشنر کورنگی جناب آصف جان صدیقی صاحب نے کی۔ اس تقریب میں پانچ الگ الگ مقابلے ہوئے ہر مسابقے میں مختلف مکاتبِ فکر سے کئی امیدواروں نے شرکت کی اور ہر مسابقے میں جامعہ بیت السلام کراچی کے طالب علموں نے پہلی پوزیشن حاصل کر کے جامعہ کے نظامِ تعلیم و تربیت کے مثالی ہونے کا عملی طور پر ثبوت دیا۔ اوّل آنے والے امیدواروں میں جناب آصف جان صدیقی صاحب نے دو دو ہزار روپے نقد اور شیلڈ تقسیم کیں۔ واضح رہے کہ یہ طلبہ یونین کی سطح پر یہ مقابلہ جیت کر ڈسٹرکٹ سطح کے اس مسابقے میں شریک ہوئے تھے، اب یہ مقابلہ صوبائی سطح پر حیدر آباد میں منعقد ہوگا، جس میں ہر ڈسٹرکٹ سے پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے امیدوار شریک ہوں گے اور وفاقی سطح پر اسلام آباد میں منعقد ہونے والے مسابقے کے لیے سیلیکٹ ہوں گے۔